اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ
الجزء ۲۵

اسی کی طرف حوالہ کیا جاتا ہے علم قیامت کا، اور نہیں نکلتا کوئی پھل اپنے خول

اَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَيَوْمَ

سے، اور نہیں حاملہ ہوتی کوئی مادہ، اور نہ جنے، مگر اسکے علم میں۔ اور جس دن

يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ ؕ قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ ؕ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيْدٍ ۚ ﴿۴۷﴾

اعلان فرمائیگا، انہیں کہ کہاں ہیں میرے شریک لوگ؟ تو بول پڑے کہ ہم بتا چکے تجھ کو، کہ نہیں ہے ہم میں کوئی گواہ●

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ

اور کھو گیا ان سے جن کی دہائی دیتے تھے پہلے، اور سمجھ لیا کہ نہیں ہے انکے لئے

مَّحِيْصٍ ﴿۴۸﴾ لَا يَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَيْرِ ۫ وَاِنْ مَّسَّهُ

کوئی بھاگنے کی جگہ● نہیں تھکتا انسان بھلائی مانگنے سے، اور اگر پہنچی اسے

الشَّرُّ فَيَئُوْسٌ قَنُوْطٌ ﴿۴۹﴾ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ

برائی، تو ناامید ہے بے آس● اور اگر چکھا دیا ہم نے اسے رحمت اپنی طرف سے، بعد مصیبت کے

مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ

جو اسے پہنچی، تو ضرور بولے گا، کہ یہ میرا حق ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ قیامت قائم ہونے والی ہے۔ اور اگر میں

رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ

واپس کیا گیا اپنے رب کی طرف، تو میرے لئے اسکے پاس یقیناً بھلائی ہے، تو ضرور ہم بتا دینگے انہیں جنہوں

كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۵۰﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا

نے کفر کیا، جو کچھ انہوں نے کیا۔ اور ضرور چکھائیں گے انہیں گاڑھا عذاب● اور جب نعمت فرمائی

عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ

ہم نے انسان پر، تو منہ پھیر لیا، اور ہٹ گیا اپنی طرف۔ اور جب پہنچی اسے برائی، تو لمبی چوڑی دعا

عَرِيْضٍ ﴿۵۱﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ

والا ہے● پوچھو، کہ "ذرا بتاؤ کہ اگر یہ کتاب اللہ کی طرف سے ہے، پھر تم نے انکار کر دیا ہے اسکا، تو کون

مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾ سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي

زیادہ بے راہ ہے اس سے، جو دور دراز ضد میں ہے"● اب ہم دکھا ہی دیں گے انہیں اپنی نشانیاں،

الْاٰفَاقِ وَفِیْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ؕ اَوَلَمْ

ہر طرف اور خود انہیں میں، یہاں تک کہ ظاہر ہو جائے انہیں، کہ بلاشبہ یہ حق ہے۔ کیا نہیں کافی

یَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ﴿۵۳﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ فِیْ مِرْیَةٍ

ہے کہ تمہارا رب، بلاشبہ ہر ایک کا گواہ ہے● یاد رکھو کہ وہ لوگ شک میں ہیں

مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ؕ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ ﴿۵۴﴾ ع ۶

اپنے رب کے ملنے کی طرف سے۔ یاد رکھو کہ وہ ہر چیز کو گھیرے ہے●

سُوْرَةُ الشُّوْرٰی ۴۲ مکیۃ ۶۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | اٰیاتہا ۵۳ رکوعاتہا ۵

سورۂ شوریٰ مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۵۳ رکوع ۵

حٰمٓ ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾ كَذٰلِكَ یُوْحِیْٓ اِلَیْكَ وَاِلَی الَّذِیْنَ مِنْ

ح م● ع س ق● اسی طرح وحی بھیجتا ہے تمہاری طرف اور ان کی طرف، جو تم سے پہلے

قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۳﴾ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی

ہوئے، اللہ عزت والا حکمت والا● اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ

الْاَرْضِ ؕ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ﴿۴﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرْنَ مِنْ

زمین میں ہے۔ اور وہی نہایت بلند عظمت والا ہے● کہ پھٹ پڑیں سارے آسمان اپنی

فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰٓئِكَةُ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَیَسْتَغْفِرُوْنَ

بلندی سے، اور فرشتے پاکی بولتے اپنے رب کی حمد کے ساتھ، اور مغفرت مانگتے ہیں ان کے

لِمَنْ فِی الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿۵﴾ وَالَّذِیْنَ

لئے جو زمین میں ہیں۔ یاد رکھو کہ بلاشبہ اللہ ہی غفور رحیم ہے● اور جنہوں نے

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِیَآءَ اللّٰهُ حَفِیْظٌ عَلَیْهِمْ ۖؗ وَمَآ اَنْتَ

بنالیا ہے اس کے خلاف اپنے والی، اللہ نگراں ہے ان پر۔ اور تم نہیں ہو

عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ ﴿۶﴾ وَكَذٰلِكَ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لِّتُنْذِرَ

ان کے ذمہ دار● اور اسی طرح وحی بھیجی ہم نے تمہاری طرف قرآن کی عربی زبان میں، کہ ڈر سنا دو

اُمَّ الْقُرٰی وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ یَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَیْبَ فِیْهِ ؕ فَرِیْقٌ

آبادیوں کی اصل مکہ کو، اور اسکے چوطرف والوں کو، اور ڈرا دو اکٹھا ہونے کے دن سے، جس میں کوئی شک نہیں ہے۔

فِی الْجَنَّةِ وَفَرِیْقٌ فِی السَّعِیْرِ ۝۷ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً

کہ ایک جماعت جنت میں اور ایک جمعیت جہنم میں● اور اگر چاہتا اللہ، تو یقیناً کر دیتا انہیں

وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ یُّدْخِلُ مَنْ یَّشَآءُ فِیْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا

ایک ہی قوم، لیکن وہ داخل فرماتا ہے جسے چاہے اپنی رحمت میں۔ اور اندھیر والوں کا نہ

لَهُمْ مِّنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ۝۸ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءَ ۚ فَاللّٰهُ

کوئی یار ہے اور نہ مددگار ہے● کیا بنالیا انہوں نے اللہ کے خلاف دوسرے والی، تو اللہ ہی

ع ۱ ۹ ۲ هُوَ الْوَلِیُّ وَهُوَ یُحْیِ الْمَوْتٰی ۫ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝۹ ع وَمَا

والی ہے، اور وہ زندہ کرے گا مُردوں کو۔ اور وہ ہر چاہے پر قدرت والا ہے● اور جس

اخْتَلَفْتُمْ فِیْهِ مِنْ شَیْءٍ فَحُكْمُهٗۤ اِلَی اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّیْ

بات میں تم لوگوں نے اختلاف کیا ہے، تو اس کا فیصلہ اللہ کے سپرد ہے۔ یہ ہے اللہ میرا رب،

عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَیْهِ اُنِیْبُ ۝۱۰ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

اسی پر میں نے بھروسہ کیا، اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں● بنانے والا آسمانوں اور زمین کا۔

جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ

پیدا کیا تمہارے لئے تمہیں سے جوڑے، اور چوپایوں سے جوڑے۔

یَذْرَؤُكُمْ فِیْهِ ؕ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝۱۱

پھیلاتا رہتا ہے تمہیں اسی انداز میں۔ نہیں ہے اس جیسے کی طرح کوئی۔ اور وہی سننے والا دیکھنے والا ہے●

لَهٗ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ

اسی کی ہیں کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی۔ کشادہ فرمادے روزی جس کی چاہے،

وَیَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝۱۲ شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّیْنِ مَا

اور تنگ بھی کرے۔ بیشک وہ ہر ایک کا جاننے والا ہے● راہ بنائی تم لوگوں کیلئے دین کی جس کا

وَصّٰی بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِیْۤ اَوْحَیْنَاۤ اِلَیْكَ وَمَا وَصَّیْنَا بِهٖۤ اِبْرٰهِیْمَ

حکم دیا تھا نوح کو، اور جو وحی بھیجی ہم نے تمہاری طرف، اور جسکا حکم دیا ہم نے ابراہیم

وَمُوْسٰی وَعِیْسٰۤی اَنْ اَقِیْمُوا الدِّیْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِیْهِ ؕ كَبُرَ

وموسیٰ وعیسیٰ کو، کہ تم لوگ درست رکھو دین کو، اور نہ پھوٹ ڈالو اس میں۔ گراں

عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ؕ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ

گزرا مشرکوں پر جس کی طرف بلاتے ہو تم انہیں۔ اللہ چن لے اپنی طرف جسے چاہے،

وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾ وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا

اور راہ دے اپنی طرف اسے، جو رجوع کرے● اور نہیں پھوٹ ڈالی انہوں نے، مگر بعد اس کے کہ

جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

آچکا تھا ان کے پاس علم، آپس کی ضد سے۔ اور اگر نہ ہوتی ایک بات، جو پہلے ہو چکی تمہارے رب کی

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ

طرف سے ایک میعاد مقرر تک، تو ضرور فیصلہ کر دیا جاتا انکے درمیان۔ اور بیشک جو وارث بنائے گئے کتاب کے

مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۴﴾ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَ

ان کے بعد، یقیناً شک میں ہیں تردد کرنے والے● تو اسی لئے پھر بلاؤ، اور

اسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ

جمے رہو جس طرح حکم دیا گیا تمہیں، اور مت چلو ان کی خواہشوں پر، اور کہہ دو کہ میں نے مان لیا جو کچھ اتارا

اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ؕ

اللہ نے کتاب۔ اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ انصاف کرتا رہوں تم لوگوں کے درمیان۔ اللہ ہمارا رب ہے اور تمہارا پالنے والا ہے۔

لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ

ہمارے لئے ہمارے عمل ہیں، اور تمہارے لئے تمہارے کرتوت۔ کوئی بحث نہیں چھوٹی ہمارے اور تمہارے درمیان۔ اللہ

يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾ وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِي اللّٰهِ

اکٹھا کریگا ہم سب کو، اور اسی کی طرف پھرنا ہے● اور جو دلیل بازی کریں اللہ کے بارے میں

مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَ

بعد اس کے کہ مان لیا گیا ہے اسے، ان کی کٹ حجتی بے بنیاد ہے ان کے رب کے نزدیک، اور

عَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۶﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ

ان پر غضب ہے، اور انہیں کیلئے سخت عذاب ہے● اللہ ہے جس نے اتارا

الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ﴿۱۷﴾

کتاب کو بالکل درست، اور انصاف کے ترازو کو۔ اور کیا خبر تجھے کہ قیامت نزدیک ہی ہو●

يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ

جلدی مچاتے ہیں اس کی وہی، جو اس کو نہیں مانتے۔ اور جو مان چکے ہیں کانپ رہے ہیں

مِنْهَا ۙ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ۭ اَلَآ اِنَّ الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِي السَّاعَةِ

اس سے۔ اور جانتے ہیں کہ بلاشبہ وہ حق ہے۔ یادرکھو کہ جو شک کریں قیامت کے بارے

لَفِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ۝۱۸ اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ وَ

میں، یقیناً دور دراز کی بے راہی میں ہیں● اللہ لطف فرمانیوالا ہے اپنے بندوں پر، روزی دے جسے چاہے، اور

هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝۱۹ ع مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ ۲ ع ۳

وہی قوت والا عزت والا ہے● جو چاہتا رہے آخرت کی کھیتی کو، تو ہم ترقی دیں

حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي

اسے اس کی کھیتی میں، اور جو دنیا کی کھیتی چاہتا رہے، دے دینگے ہم اسے اس سے، اور نہیں ہے اس کا

الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ۝۲۰ اَمْ لَهُمْ شُرَكٰۗؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ

آخرت میں کوئی حصہ● کیا ان کے کچھ شریک ہیں کہ راہ بنادی انکے لئے دین کی،

مَا لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَ

جس کی نہیں اجازت دی اللہ نے۔ اور اگر نہ ہو چکی ہوتی فیصلہ کے متعلق بات، تو ضرور فیصلہ کر دیا جاتا ان کا۔ اور

اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۲۱ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ

بیشک اندھیر والوں کیلئے دکھ والا عذاب ہے● دیکھو گے ان ظالموں کو سہمے ہوئے،

مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

جو کمائی کر رکھی ہے، اور وہ ہونیوالا ہی ہے انہیں۔ اور جو ایمان لائے اور نیکیاں کیں،

فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَاۗءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ ذٰلِكَ هُوَ

وہ جنت کی پھلواریوں میں ہیں۔ انکے لئے ہے جو چاہیں اپنے رب کے یہاں۔ یہی بڑا

الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝۲۲ ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ

فضل ہے● یہ ہے جس کی خوش خبری دیتا ہے اللہ اپنے بندوں کو، جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ

ایمان لائے اور نیکیاں کیں۔ کہہ دو، کہ "میں نہیں مانگتا تم سے اس پر کوئی اجر، مگر دوستی

فِی الْقُرْبٰی ؕ وَمَنْ یَّقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِیْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

قرابت داروں کی"۔ اور جو کمالے خوبی کو، بڑھا دیں گے ہم اسکے لئے اس میں خوبی کو۔ بیشک اللہ

غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۲۳﴾ اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنْ یَّشَاِ

مغفرت فرمانیوالا قدر فرمانیوالا ہے● کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ بہتان باندھا ہے اللہ پر جھوٹ، تو اگر اللہ چاہے، تو

اللّٰهُ یَخْتِمْ عَلٰی قَلْبِكَ ؕ وَیَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَیُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ

حفاظت کی مہر لگا دے تمہارے دل پر۔ اور مٹا دیتا ہے اللہ باطل کو، اور درست رکھتا ہے حق کو اپنی باتوں سے۔

اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۲۴﴾ وَهُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ

بیشک وہ جاننے والا ہے سینوں کی بات● وہی ہے جو قبول فرماتا ہے توبہ کو اپنے

عِبَادِهٖ وَیَعْفُوْا عَنِ السَّیِّاٰتِ وَیَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَیَسْتَجِیْبُ

بندوں سے، اور درگزر فرمائے گناہوں سے، اور جانے جو تم لوگ کرو● اور دعا قبول فرمائے

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَیَزِیْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ

ان کی جو ایمان لا چکے اور نیکیاں کیں، اور ترقی دے انہیں اپنے فضل سے۔ اور

الْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ

کافروں کیلئے سخت عذاب ہے● اور اگر کشادہ فرما دیتا اللہ روزی کو اپنے سارے

لَبَغَوْا فِی الْاَرْضِ وَلٰكِنْ یُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا یَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ

بندوں کیلئے، تو ضرور سرکش ہو جاتے زمین میں، لیکن اتارتا رہتا ہے اللہ جس قدر چاہے۔ بیشک وہ اپنے بندوں

خَبِیْرٌۢ بَصِیْرٌ ﴿۲۷﴾ وَهُوَ الَّذِیْ یُنَزِّلُ الْغَیْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا

سے باخبر اور نگراں ہے● اور وہی ہے جو اتارے بارش کو، اس کے بعد کہ ناامید ہو گئے لوگ،

وَیَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الْوَلِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿۲۸﴾ وَمِنْ اٰیٰتِهٖ خَلْقُ

اور پھیلا دے اپنی رحمت کو۔ اور وہی سب کا والی حمد والا ہے● اور اس کی نشانیوں سے ہے پیدائش

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِیْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰی جَمْعِهِمْ

آسمانوں کی اور زمین کی، اور جو کچھ پھیلا رکھا ہے ان میں چلنے والے۔ اور وہ ان کے اکٹھا کرنے پر

اِذَا یَشَآءُ قَدِیْرٌ ﴿۲۹﴾ وَمَاۤ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِیْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ ع ۳

جب چاہے قدرت رکھنے والا ہے● اور جو پہنچی تمہیں کوئی مصیبت، تو اس کی سبب سے ہے جو کمائی کی

اَیۡدِیۡکُمۡ وَیَعۡفُوۡا عَنۡ کَثِیۡرٍ ﴿۳۰﴾ وَمَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ۚ

تمہارے ہاتھوں نے، اور معاف فرماتا ہے بہت کچھ ● اور نہیں ہو تم بے قابو کر دینے والے زمین میں۔

وَمَا لَکُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ مِنۡ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیۡرٍ ﴿۳۱﴾ وَمِنۡ اٰیٰتِہِ الۡجَوَارِ

اور نہیں ہے تمہارا اللہ کے خلاف کوئی یار اور نہ مددگار ● اور اس کی نشانیوں سے ہیں

فِی الۡبَحۡرِ کَالۡاَعۡلَامِ ﴿۳۲﴾ اِنۡ یَّشَاۡ یُسۡکِنِ الرِّیۡحَ فَیَظۡلَلۡنَ رَوَاکِدَ

چلنے والی دریا میں، جیسے پہاڑ ● اگر چاہے تو روک دے ہوا کو، تو رکی رہ جائیں دریا

عَلٰی ظَہۡرِہٖ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّکُلِّ صَبَّارٍ شَکُوۡرٍ ﴿۳۳﴾ۙ اَوۡ

کی سطح پر۔ بیشک اس میں ضرور نشانیاں ہیں ہر بڑے صبر والے، بڑے شکر گزار کیلئے ● یا

یُوۡبِقۡہُنَّ بِمَا کَسَبُوۡا وَیَعۡفُ عَنۡ کَثِیۡرٍ ﴿۳۴﴾ۙ وَّیَعۡلَمَ الَّذِیۡنَ یُجَادِلُوۡنَ

ہلاک کر دے انہیں جو لوگوں نے کمار کھا ہے، اور معاف فرما دے بہت کچھ ● اور بتا دے انہیں جو کٹ حجتی کریں

فِیۡۤ اٰیٰتِنَا ؕ مَا لَہُمۡ مِّنۡ مَّحِیۡصٍ ﴿۳۵﴾ فَمَاۤ اُوۡتِیۡتُمۡ مِّنۡ شَیۡءٍ فَمَتَاعُ

ہماری آیتوں میں، کہ نہیں ہے انکے لئے کوئی بھاگنے کی جگہ ● تو جو کچھ دیا گیا ہے تم لوگوں کو، تو وہ پونجی ہے

الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا ۚ وَمَا عِنۡدَ اللّٰہِ خَیۡرٌ وَّاَبۡقٰی لِلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَلٰی

دنیاوی زندگی کی۔ اور جو کچھ اللہ کے یہاں ہے، بہت بہتر ہے، اور باقی رہنے والی ہے انکے لئے جو مان گئے اور

رَبِّہِمۡ یَتَوَکَّلُوۡنَ ﴿۳۶﴾ۚ وَالَّذِیۡنَ یَجۡتَنِبُوۡنَ کَبٰٓئِرَ الۡاِثۡمِ وَالۡفَوَاحِشَ

اپنے رب پر بھروسہ رکھیں ● اور جو بچا کریں کبیرہ گناہوں سے اور بے شرمیوں

وَاِذَا مَا غَضِبُوۡا ہُمۡ یَغۡفِرُوۡنَ ﴿۳۷﴾ۚ وَالَّذِیۡنَ اسۡتَجَابُوۡا لِرَبِّہِمۡ وَ

سے، اور جب غصہ آیا لوگوں پر تو بخش دیں ● اور جنہوں نے قبول کر لیا اپنے رب کو اور

اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ ۪ وَاَمۡرُہُمۡ شُوۡرٰی بَیۡنَہُمۡ ۪ وَمِمَّا رَزَقۡنٰہُمۡ

پابندی کی نماز کی، اور ان کا کام مشورہ کر لینا ہے آپس میں۔ اور اس سے جو روزی دی ہم نے

یُنۡفِقُوۡنَ ﴿۳۸﴾ۚ وَالَّذِیۡنَ اِذَاۤ اَصَابَہُمُ الۡبَغۡیُ ہُمۡ یَنۡتَصِرُوۡنَ ﴿۳۹﴾

خیرات کرتے رہیں ● اور وہ جنہیں پہنچی بغاوت، تو وہ بدلہ لیں ●

وَجَزٰٓؤُا سَیِّئَۃٍ سَیِّئَۃٌ مِّثۡلُہَا ۚ فَمَنۡ عَفَا وَاَصۡلَحَ فَاَجۡرُہٗ عَلَی

اور برائی کا بدلہ اسی کے برابر کی برائی ہے۔ تو جس نے معاف کر دیا اور صلح کر لی، تو اس کا اجر اللہ

اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۴۰﴾ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ

پر ہے۔ بیشک وہ نہیں پسند فرماتا ظالموں کو● اسکے لئے جس نے بدلہ لیا اپنے مظلوم ہونے کے بعد،

مَا عَلَیْهِمْ مِّنْ سَبِیْلٍ ﴿۴۱﴾ اِنَّمَا السَّبِیْلُ عَلَى الَّذِیْنَ یَظْلِمُوْنَ

تو وہ ہیں جن پر پکڑ کی کوئی راہ نہیں● اس کی راہ انہیں پر ہے، جو زیادتی کریں

النَّاسَ وَیَبْغُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

لوگوں پر، اور بغاوت پھیلائیں زمین میں ناحق۔ وہی ہیں جنکے لئے دکھ والا

اَلِیْمٌ ﴿۴۲﴾ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۴۳﴾ وَمَنْ ع ۱۴ ۵

عذاب ہے● اور جس نے صبر کیا، اور بخش دیا، تو بیشک یہ حوصلہ مندی کے کاموں سے ہے● اور جسے

یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِیٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَتَرَى الظّٰلِمِیْنَ لَمَّا

بے راہ رکھے اللہ، تو نہیں اس کا کوئی مددگار اس کے بعد۔ اور دیکھو گے ظالموں کو کہ جہاں

رَاَوُا الْعَذَابَ یَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِیْلٍ ﴿۴۴﴾ وَتَرٰىهُمْ

دیکھ لیا عذاب کو، تو کہیں گے، کہ "کیا واپس جانے کی کوئی راہ ہے"● اور دیکھو گے انہیں

یُعْرَضُوْنَ عَلَیْهَا خٰشِعِیْنَ مِنَ الذُّلِّ یَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ

کہ پیش کئے جاتے ہیں اسی آگ پر جھکے پڑے، ذلت سے دیکھتے ہیں، چھپی نگاہ سے۔

خَفِیٍّ ؕ وَقَالَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِیْنَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

اور بول پڑے وہ جو ایمان لا چکے تھے، کہ بیشک خسارہ والے وہ ہیں، جنہوں نے خسارہ میں ڈالا خود اپنے کو،

وَاَهْلِیْهِمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِیْنَ فِیْ عَذَابٍ مُّقِیْمٍ ﴿۴۵﴾ وَمَا

اور اپنے والوں کو قیامت کے دن۔ یاد رکھو کہ بلاشبہ اندھیر والے ہمیشہ والے عذاب میں ہیں● نہ رہے

كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِیَآءَ یَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ یُّضْلِلِ

ان کے کچھ دوست، کہ مدد کریں ان کی اللہ کے خلاف۔ اور جسے بے راہ رکھے

اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِیْلٍ ﴿۴۶﴾ اِسْتَجِیْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ

اللہ، تو نہیں ہے اسکے لئے کوئی راہ● "حکم مان لو اپنے رب کا اس سے پہلے کہ آجائے

یَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ یَّوْمَىِٕذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ

وہ دن، جسکی واپسی نہیں اللہ کی طرف سے۔ نہیں ہے تمہاری کوئی پناہ گاہ اس دن، اور نہ تمہارا کوئی

نَّكِيْرٍ ﴿۴۷﴾ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ؕ اِنْ عَلَيْكَ

عذاب روکنے والا﴾ تو اگر ان لوگوں نے منہ پھیر لیا، تو ہم نے نہیں بھیجا تمہیں ان کا ذمہ دار نگراں۔ تم پر بس

اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاِنَّآ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ

پیغام پہنچا دینا ہے۔ اور بیشک ہم نے جب چکھایا انسان کو اپنی طرف سے رحمت، تو خوش ہو گیا اس سے۔ اور اگر پہنچے

تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿۴۸﴾ لِلّٰهِ

انہیں کوئی مصیبت، بسبب اسکے جو پہلے بھیج چکے ان کے ہاتھ، تو بیشک انسان بڑا ناشکرا ہے● اللہ ہی کی

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا

ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی۔ پیدا فرمائے جو چاہے۔ اور دے جسے چاہے بیٹیاں،

وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ

اور دے جسے چاہے بیٹے● یا جوڑے دے انہیں بیٹے اور بیٹیاں اور کر دے

مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ

جسے چاہے بانجھ۔ بیشک وہ علم والا قدرت والا ہے● اور نہیں ہو سکتا کسی بشری صورت والے کیلئے،

اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ

کہ "بات کرے اس سے اللہ، مگر خواب و بیداری کی وحی یا پردہ جاہ و جلال سے یا بھیج دے کوئی قاصد، تو وحی پہنچائے

بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا

اسکے حکم سے جو وہ چاہے۔ بیشک وہ بلندی والا حکمت والا ہے● اور اسی طرح وحی کی جان بھیجی ہم نے تمہاری طرف

مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ

اپنے حکم سے۔ "تم قیاس نہیں کر سکتے تھے کہ کیا چیز ہے کتاب اللہ، نہ ایمان کا، لیکن بنا دیا ہم نے

نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ

اس قرآن کو نور، راہ دیتے ہیں اس سے جسے چاہیں اپنے بندوں سے"۔ اور بیشک تم ہدایت دیتے ہو سیدھی

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۲﴾ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

راہ کی● اللہ کی راہ۔ کہ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔

اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ﴿۵۳﴾ ع ۵

یاد رکھو کہ اللہ کی طرف پھر کر جاتے ہیں سارے کام●

سُوْرَةُ الزُّخْرُف ۴۳ مکیۃ ۸۹ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتہا ۸۹ رکوعاتہا ۷

سورۂ زخرف مکیّہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۸۹ رکوع ۷

حٰمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

ح م● قسم ہے روشن کتاب کی● بلاشبہ بنایا ہم نے قرآن کو عربی زبان میں، کہ تم لوگ

تَعْقِلُوْنَ ﴿۳﴾ وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۴﴾ اَفَنَضْرِبُ

سمجھ سکو● اور بیشک وہ اصل نوشتہ میں ہمارے پاس، یقیناً بلند رتبہ سراپا حکمت ہے● تو کیا ہم نصیحت کا

عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ﴿۵﴾ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ

پہلو پھیر دیں؟ اس پر، کہ تم لوگ حد سے بڑھ جانے والے ہو● اور کتنے بھیجے ہم نے

نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶﴾ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۷﴾

نبی اگلوں میں● اور نہ آتا انہیں کوئی نبی مگر اس کی ہنسی بناتے تھے●

فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸﴾ وَلَئِنْ

تو برباد کر دیا ہم نے ان لوگوں سے زیادہ پکڑ میں سخت لوگوں کو، اور گزر چکا اگلوں کا حال● اور اگر تم نے

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ

ان سے پوچھا کہ کس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو، تو ضرور کہہ دیں گے کہ پیدا کیا ہے انہیں عزت

الْعَلِيْمُ ﴿۹﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا

والے علم والے نے● جس نے کر دیا تمہارے لئے زمین کو بستر، اور بنائے تمہارے لئے اس میں

سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰﴾ وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ

راستے، کہ راہ پاؤ● اور جس نے اتارا آسمان کی طرف سے پانی ایک اندازے سے،

فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَالَّذِيْ خَلَقَ

پھر اٹھا کر کھڑا کر دیا ہم نے اس مردہ آبادی کو۔ اسی طرح تم لوگ نکالے جاؤ گے● اور جس نے پیدا فرمایا

الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ﴿۱۲﴾

سارے جوڑے، اور بنایا تمہارے لئے کشتیوں اور چوپایوں سے وہ، جن کی سواری کرتے ہو●

لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ

تا کہ جم کر بیٹھو ان کی پیٹھوں پر، پھر یاد کرو اپنے رب کی نعمت کو جہاں ٹھیک بیٹھ چکے تم اس پر،

وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ﴿۱۳﴾ وَ

اور کہو کہ "پاکی ہے اسکی جس نے قابو میں کر دیا ہمارے اس کو، اور نہ تھے ہم اس کے بوتے والے● اور

اِنَّاۤ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ؕ اِنَّ

بیشک ہم اپنے رب کی طرف ضرور لوٹنے والے ہیں"● اور بنالیا اسکے لئے اسکے بندوں سے جزء۔ بیشک

الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۵﴾ ع ۱۵ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا یَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّاَصْفٰىكُمْ

انسان ضرور کھلا ناشکرا ہے● کیا اس نے لیا جو مخلوق فرماتا ہے اس سے بیٹیاں، اور چن رکھا ہے

بِالْبَنِیْنَ ﴿۱۶﴾ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ

تمہارے لئے بیٹے؟● حالانکہ جب خوش خبری دیا گیا ان میں کا کوئی، جو خدائے مہربان کیلئے کہاوت بنالی ہے،

وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِیْمٌ ﴿۱۷﴾ اَوَمَنْ یُّنَشَّؤُا فِی الْحِلْیَةِ وَهُوَ فِی

تو سارا دن اس کا چہرہ کالا ہے اور وہ گھٹتا رہتا ہے● کیا جس کی نشو ونما کی جائے گہنوں میں، اور وہ

الْخِصَامِ غَیْرُ مُبِیْنٍ ﴿۱۸﴾ وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِیْنَ هُمْ عِبٰدُ

بحث میں صاف نہ بول سکے● اور قرار دیا ان لوگوں نے فرشتوں کو، جو خدائے

الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَیُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۹﴾

مہربان کے بندے ہیں عورتیں، کیا انہوں نے دیکھی ہے انکی پیدائش۔ اب لکھ لی جائے گی انکی گواہی، اور باز پرس کئے جائینگے●

وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ

اور یہ لوگ بولے، کہ "اگر چاہتا خدائے مہربان، تو ہم نہ پوجتے انہیں"۔ نہیں انہیں اس کا کوئی علم۔

اِنْ هُمْ اِلَّا یَخْرُصُوْنَ ﴿۲۰﴾ ؕ اَمْ اٰتَیْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ

یہ لوگ بس اٹکل دوڑاتے ہیں● کیا دے رکھی ہے ہم نے انہیں کوئی کتاب اسکے پہلے سے، تو وہ اسی سے

مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿۲۱﴾ بَلْ قَالُوْۤا اِنَّا وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا عَلٰۤى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰۤى

دلیل لانیوالے ہیں● بلکہ وہ تو کہہ چکے، کہ "بلاشبہ ہم نے پایا اپنے باپ دادوں کو ایک جمعیت پر، اور بیشک ہم

اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَكَذٰلِكَ مَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِیْ قَرْیَةٍ

انکے نقش قدم پر چلنے والے ہیں"● اور اسی طرح نہیں بھیجا ہم نے تم سے پہلے کسی آبادی میں کوئی

مِّنْ نَّذِیْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَاۤ ۙ اِنَّا وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا عَلٰۤى اُمَّةٍ وَّاِنَّا

ڈرانے والا، مگر کہا کئے اسکے آسودہ لوگ، کہ ہم نے پایا اپنے باپ دادوں کو ایک جمعیت پر، اور ہم

عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ﴿۲۳﴾ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ

انکے نشان قدم پر پیچھے پیچھے ہیں● انہوں نے جواب دیا، کہ کیا گو ہم لے آئیں تمہارے پاس نہایت بڑی ہدایت اس سے،

عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۲۴﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ

جس پر پایا تم نے اپنے باپ دادوں کو؟ سب بول کر رہ گئے کہ ہم سب اس سے، جسکے تم پیغمبر بنائے گئے ہو انکاری ہیں● تو بدلہ لیا ہم

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ ع ۲ ۱۰ ۱۴ النصف

نے ان سے، تو دیکھ لو کہ کیسا ہوا انجام جھٹلانے والوں کا● اور جبکہ کہا ابراہیم نے اپنے بابا سے اور اپنی

وَقَوْمِهٖٓ اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۶﴾ اِلَّا الَّذِيْ فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ﴿۲۷﴾

قوم سے، کہ بلاشبہ میں بیزار ہوں اس سے جسے تم لوگ پوجتے ہو● مگر وہ جس نے پیدا فرمایا مجھے، کہ بلاشبہ وہ راہ دیگا مجھے●

وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾ بَلْ مَتَّعْتُ

اور بنا رکھا اسے باقی رہنے والی بات اپنے بعد والوں میں، کہ وہ باز آئیں● بلکہ مال ومتاع دیا

هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۹﴾ وَلَمَّا

ہم نے انہیں، اور انکے باپ دادوں کو، یہاں تک کہ آ گیا انکے پاس حق، اور صاف صاف بتانے والا رسول● اور جب

جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا

آ گیا ان کے پاس حق، تو بولے کہ یہ جادو ہے، اور ہم بیشک اسکے انکاری ہیں● اور بولے، کہ "کیوں نہ

نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿۳۱﴾ اَهُمْ

نازل کیا گیا یہ قرآن کسی بڑے آدمی پر؟ دونوں آبادیوں سے"● کیا یہ لوگ

يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي

بانٹتے ہیں تمہارے رب کی رحمت کو؟ ہم نے خود بانٹا ہے انکے درمیان، انکے سامان زندگی کو

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ

دنیاوی زندگی میں، اور اونچا کیا ایک کو دوسرے پر بہت کچھ، تاکہ بنائے

بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ؕ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۳۲﴾

رکھیں ایک دوسرے کو دبتا ہوا۔ اور تمہارے رب کی رحمت بہتر ہے اس سے، جو وہ جمع جتھا کرتے رہتے ہیں●

وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ

اور اگر نہ ہوتی یہ بات کہ داخل ہو جائینگے سب لوگ، ایک ہی انکی جمعیت میں، تو بنا دیتے ہم انکے لئے جو انکار کریں

بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿۳۳﴾

خدائے مہربان کا، ان کے گھروں کیلئے سونے چاندی کی چھت اور زینے، جس پر چڑھا کرتے●

وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿۳۴﴾ وَزُخْرُفًا ؕ وَاِنْ كُلُّ

اوران کے گھروں کے دروازے اور تخت بھی، جس پر تکیہ لگاتے رہیں● اور دوسرے سامان آرائش، اور یہ سب

ع ۳ ۱۰ ۹ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾

محض دنیاوی زندگی کی پونجی ہے، اور آخرت تو تمہارے رب کے یہاں ڈر جانے والوں کیلئے ہے●

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾

اور جس کو رتوندھی ہو خدائے مہربان کے ذکر سے، تو ہم مسلط کر دینگے اسکے لئے شیطان کو، تو وہ اس کا ساتھی رہے●

وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾

اور بیشک وہ شیاطین یقیناً روکتے رہتے ہیں انہیں راہ سے، اور یہ سمجھتے ہیں کہ راہ پائے ہوئے ہیں●

حَتّٰۤى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ

یہاں تک کہ جب آنا پڑا ہمارے پاس، تو کہنے لگے کہ "اے کاش، میرے اور تجھ شیطان کے درمیان پورب پچھّم کی دوری

فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِى

ہوتی" تو کتنا برا ساتھی ہے● اور ہرگز کام نہ آئیگا تمہارے اس دن، جبکہ اندھیر مچا چکے ہو تم، بیشک تم سب

الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِى الْعُمْىَ

عذاب میں شریک ہو● کیا تم ان بہروں کو سناؤ گے؟ یا ان اندھوں کو راہ دکھاؤ گے؟

وَمَنْ كَانَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ

اور جو کھلی بے راہی میں ہیں● تو یا ہم اٹھالے جائیں تمہیں، پھر ان سے

مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِىْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾

بدلہ لیں● یا تمہیں بھی دکھادیں جسکا وعدہ دیا ہم نے ان لوگوں کو، بہرحال ہم ان پر قدرت رکھنے والے ہیں●

فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِىْۤ اُوْحِىَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾

تو تم مضبوط پکڑے رہو جو وحی کی گئی تمہاری طرف۔ بیشک تم سیدھی راہ پر ہو●

وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا

اور بیشک یہ شرف ہے تمہارا اور تمہاری قوم کیلئے۔ اور جلد تم لوگ پوچھے جاؤ گے● اور پوچھ لو ان سے جن کو ہم نے

ع ۴

مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾

بھیجا تم سے پہلے اپنے رسولوں سے، کہ کیا قرار دیا تھا ہم نے خدائے رحمٰن کے خلاف کچھ اور معبود، جسے پوجا کریں●

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ

اور بیشک بھیجا ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اسکے سرداروں کی طرف، تو انہوں نے کہا

رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾

کہ بلاشبہ میں رسول ہوں رب العالمین کا● تو جب لے آئے انکے پاس ہماری نشانیاں، اب وہ اس سے ہنس رہے ہیں●

وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ

اور نہیں دکھاتے ہم انہیں کوئی نشانی، مگر یہ بڑی ہوتی پہلی سے۔ اور گرفتار کیا ہم نے انہیں دُکھ میں،

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ

کہ توبہ کرڈالیں● اور وہ سب بولے، کہ "اے جادوگر، دعا کردو ہمارے لئے اپنے رب سے وسیلہ سے، اسکے جو عہد

عِنْدَكَ ۚ اِنَّنَا لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ

رکھا ہے تمہارے پاس۔ بیشک ہم راہ پر آجانیوالے ہیں" ● پھر جب دور کردیا ہمنے ان سے عذاب کو، اب وہ عہد شکنی

يَنْكُثُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِيْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِيْ

کررہے ہیں● اور پکار لگائی فرعون نے اپنی قوم میں، بولا، کہ "اے قوم کیا نہیں ہے میرے

مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۱﴾

لئے مصر کی شاہی اور یہ نہریں؟ بہتی رہتی ہیں میرے نیچے۔ تو کیا تم لوگ نہیں دیکھا کرتے●

اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ﴿۵۲﴾ فَلَوْلَآ

یا میں ہی بہتر ہوں اس سے جو ذلیل ہے۔۔اور بات صاف کرتا معلوم نہیں ہوتا● تو کیوں نہیں

اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾

ڈال دیئے گئے ان پر سونے کے کنگن؟ یا آتے اس کے ساتھ فرشتے مددگار؟ ہروقت کے ساتھی"●

فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَمَّآ

تو اس نے بنادیا کم سمجھا اپنی قوم کو، تو سب نے کہا مانا اس کا، بیشک وہ نافرمان لوگ تھے● تو جب وہ لوگ

اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا

غضب میں لے آئے ہم کو، تو بدلہ لیا ہم نے، چنانچہ ڈبودیا ہم نے ان سب کو● تو کردیا ہم نے انہیں پرانی کہانی،

وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿٥٦﴾ وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ ع ۱۱ ۵

اور ضرب المثل پچھلوں کیلئے ● اور جب ضرب المثل بنائی گئی ابن مریم کی، تو اس وقت تمہاری قوم کے لوگ اس

يَصِدُّوْنَ ﴿٥٧﴾ وَقَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ۭ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًۢا ۭ

سے کھلکھلاتے ہیں ● اور بولے کہ ہمارے معبود بہتر ہیں، کہ وہ نہیں کہاوت بولے انکی تم سے، مگر ہٹ دھرمی کو۔

بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ﴿٥٨﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ

بلکہ وہ لوگ جھگڑالو ہیں ● نہیں ہیں وہ ابن مریم، مگر ایک بندہ، جن پر انعام فرمایا ہم نے، اور کر دیا انہیں

مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿٥٩﴾ وَلَوْ نَشَاۗءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰۗىِٕكَةً فِي

ایک مثال، بنی اسرائیل کیلئے ● اور اگر ہم چاہے ہوتے، تو بناتے تمہاری جگہ فرشتوں کو زمین

الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ﴿٦٠﴾ وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ۭ

میں، کہ رہا کرتے ● اور بیشک وہ ابن مریم، یقیناً علاماتِ قیامت سے ہیں، تو ہرگز شک نہ کرنا قیامت میں۔ اور پیچھے

هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦١﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

پیچھے تم لوگ رہو میرے، یہ سیدھا راستہ ہے ● اور نہ روک لے تمہیں شیطان۔ بیشک وہ تمہارا کھلا

مُّبِيْنٌ ﴿٦٢﴾ وَلَمَّا جَاۗءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ

دشمن ہے ● اور جب لائے عیسیٰ روشن دلیلیں، بولے، کہ "بلاشبہ میں لایا ہوں تمہارے پاس حکمت،

وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿٦٣﴾

اور تا کہ بیان کر دوں تمہیں کچھ وہ، جس میں تم لوگ جھگڑتے ہو، تو اللہ کو ڈرو اور میرا کہا مانو ●

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦٤﴾

بیشک اللہ ہی میرا رب، اور تمہارا پالنے والا ہے، تو پوجو اس کو۔ یہ سیدھا راستہ ہے" ●

فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ

پھر کئی ٹولیاں ہو گئیں ان کی۔ تو ہلاکی ہے ان کی جنہوں نے اندھیر مچایا، درد

عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿٦٥﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً

ناک دن کے عذاب سے ● کس کا انتظار کرتے، مگر قیامت کا۔ کہ آجائے ان پر اچانک،

وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٦٦﴾ اَلْاَخِلَّاۗءُ يَوْمَىِٕذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا

اور وہ بے خبر رہیں ● سارے گہرے دوست اُس دن ایک دوسرے کے دشمن ہیں، مگر

الْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٧﴾ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿٦٨﴾

اللہ سے ڈر جانے والے● مخاطبین اسکے، کہ اے میرے بندو نہ تم پر کوئی ڈر ہے آج، اور نہ تم رنجیدہ ہو●

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿٦٩﴾ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَ

جو مان گئے تھے ہماری آیتوں کو، اور مسلمان تھے● داخل ہو جنت میں، تم اور

اَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ﴿٧٠﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ ۚ

تمہاری بیبیاں، تم لوگ خوش کئے جاؤ گے● دَور چلایا جائیگا ان پر سونے کے پیالوں اور ساغروں کا۔

وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٧١﴾

اور اس میں ہے جس چیز کو چاہے ان کا جی، اور مزہ لیں آنکھیں۔ اور تم اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو●

وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٧٢﴾ لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ

اور یہ جنت ہے، جسکے وارث تم بنائے گئے، بسبب ان اعمال کے جو کرتے تھے● تمہارے لئے اس میں میوہ ہے

كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٧٣﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿٧٤﴾

بکثرت، کہ ان میں سے کھاؤ گے● بلاشبہ مجرم کفر لوگ، جہنم کے عذاب میں ہمیشہ پڑے رہنے والے ہیں●

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا

نہیں تخفیف کی جائے گی ان سے، اور وہ اس میں بے آس ہیں● اور ہم نے زیادتی نہیں فرمائی ان پر، لیکن وہ خود

هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٧٦﴾ وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ

ہی ظالم تھے● اور پکار مچائی انہوں نے، کہ "اے مالک، مار ڈالے ہمیں تمہارا رب"، اس نے جواب دیا "کہ تم لوگ اسی

مّٰكِثُوْنَ ﴿٧٧﴾ لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿٧٨﴾

طرح ہمیشہ رہنے والے ہو"● بیشک لائے ہم تمہارے پاس حق، لیکن تمہارے بہتیرے حق سے ناگواری رکھنے والے ہیں●

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿٧٩﴾ اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ

کیا انہوں نے قطعی طے کر لیا ہے کسی امر کو، تو بلاشبہ ہم بھی قطعی طے کر لینے والے ہیں● کیا خیال کرتے ہیں کہ ہم نہیں سنتے انکے راز کو،

وَنَجْوٰىهُمْ ۭ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿٨٠﴾ قُلْ اِنْ كَانَ

اور انکے باہمی مشورہ کو؟ کیوں نہیں! حالانکہ ہمارے قاصد انکے پاس لکھتے رہتے ہیں● کہہ دو، کہ "اگر ہوتا خدائے رحمٰن

لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿٨١﴾ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ

کیلئے بچہ، تو میں ہوتا سب سے پہلا پجاری● پاکی ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَ

اور زمین کے رب، عرش والے کی، اس سے جو یہ بتاتے ہیں● تو چھوڑ وانہیں، کہ بکتے رہیں اور

يَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ فِي

کھیلا کریں، یہاں تک کہ پا جائیں اپنے اس دن کو، جسکا وعدہ دیئے گئے ہیں● اور وہی ہے جو

السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّ فِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۴﴾ وَتَبٰرَكَ

آسمان میں معبود، اور زمین میں بھی معبود۔ اور وہی حکمت والا علم والا ہے● اور بڑا بابرکت

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ

ہے وہ، جس کی شاہی آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان میں ہے۔ اور اسی کے پاس ہے

السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ

قیامت کا علم۔ اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے● اور نہیں اختیار رکھتے، جن کی یہ لوگ دہائی دیتے ہیں اللہ

دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَئِنْ

کے خلاف سفارش کی، مگر جس نے گواہی دی حق کی، اور وہ علم رکھتے ہیں● اور اگر پوچھ

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۸۷﴾ وَقِيْلِهٖ

لیا تم نے، کہ کس نے پیدا کیا انہیں، تو ضرور جواب دینگے کہ اللہ، تو کہاں اوندھائے جاتے ہیں● قسم ہے

يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ

آنحضرت کے اس قول کی، کہ پروردگار ایہ لوگ نہیں مانتے --●-- تو درگزر کرو ان سے، اور کہو، کہ

سَلٰمٌ ؕ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾ ع

"میرا تو سلام ہے"، کہ جلد ہی وہ لوگ جان جائینگے●

سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ ۴۴ ۶۴ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۵۹ رُكُوْعَاتُهَا ۳

سورۂ دخان مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۵۹ رکوع ۳

حٰمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا

ح م● قسم ہے روشن کتاب کی● کہ بیشک نازل فرمایا اُسے مبارک رات میں، بیشک ہم ہیں

مُنْذِرِيْنَ ﴿۳﴾ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ﴿۴﴾ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ

ڈرانے والے● اُسی وقت میں تقسیم کر دیا جاتا ہے ہر حکمت والا حکم● ہماری طرف سے حکم۔

وقف لازم ع ۱۲ ۱۳

إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ ﴿٥﴾ رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦﴾

بیشک ہم بھیجنے والے ہیں● رحمت تمہارے رب کی طرف سے۔ بیشک وہی سننے والا جاننے والا ہے●

رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ إِن كُنتُم مُّوقِنِينَ ﴿٧﴾ لَا وقف لازم

پالنے والا آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان جو کچھ ہے سب کا۔ اگر تم یقین کرو● نہیں ہے کوئی

إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۖ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ ﴿٨﴾ بَلْ هُمْ

پوجنے کے قابل، سوا اسکے، وہ چلاتا ہے اور مارتا ہے۔ تمہارا رب، اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا رب● بلکہ وہ شک

فِي شَكٍّ يَلْعَبُونَ ﴿٩﴾ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُّبِينٍ ﴿١٠﴾

میں پڑے کھیل رہے ہیں● تو انتظار کرو اس دن کا، کہ لے آئیگا آسمان دھواں دکھائی پڑنے والا●

يَغْشَى النَّاسَ ۖ هَٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١١﴾ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ

چھا جائے گا لوگوں پر۔ یہ ہے دکھ والا عذاب● پروردگار ادور کر دے ہم سے اس عذاب کو،

إِنَّا مُؤْمِنُونَ ﴿١٢﴾ أَنَّىٰ لَهُمُ الذِّكْرَىٰ وَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُولٌ مُّبِينٌ ﴿١٣﴾

بیشک ہم مانے لیتے ہیں● انہیں کہاں نصیحت ماننا، حالانکہ آیا انکے پاس رسول، صاف صاف بتانے والا●

ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوا مُعَلَّمٌ مَّجْنُونٌ ﴿١٤﴾ إِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا وقف لازم

پھر وہ پھر گئے اس سے، اور "بولے کہ سکھایا ہوا پاگل ہے"۔● بیشک ہم ہٹائے دیتے ہیں عذاب کو کچھ دن کیلئے،

إِنَّكُمْ عَائِدُونَ ﴿١٥﴾ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَىٰ ۚ إِنَّا مُنتَقِمُونَ ﴿١٦﴾ وقف لازم

بلاشبہ تم پھر یہی کرنیوالے ہو۔● جس دن پکڑینگے ہم بہت بڑی پکڑ، تو بیشک ہم بدلہ لے لینے والے ہیں●

وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَاءَهُمْ رَسُولٌ كَرِيمٌ ﴿١٧﴾ أَنْ

اور بیشک آزمایا ہم نے ان سے پہلے فرعونیوں کو، اور آیا ان کے پاس ایک رسول مکرم● کہ دے دو

أَدُّوا إِلَيَّ عِبَادَ اللَّهِ ۖ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٨﴾ وَأَن لَّا تَعْلُوا عَلَى

مجھے اللہ کے بندوں کو، یقیناً میں تمہارا امانت دار رسول ہوں● اور یہ کہ ڈینگ کی نہ لو اللہ پر۔

اللَّهِ ۚ إِنِّي آتِيكُم بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿١٩﴾ وَإِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ

بیشک میں لے آیا ہوں تمہارے پاس روشن سند● اور میں نے پناہ لے لی ہے اپنے رب اور تمہارے پالنے

أَن تَرْجُمُونِ ﴿٢٠﴾ وَإِن لَّمْ تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ ﴿٢١﴾ فَدَعَا رَبَّهُ أَنَّ

والے کی، کہ تم سنگسار کرسکو مجھے● اور اگر تم لوگوں نے نہ مانا مجھے، تو مجھ سے دور ہو● پھر عرض کیا اپنے رب سے، کہ

هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَاَسْرِ بِعِبَادِيْ لَيْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۲۳﴾

بلاشبہ یہ لوگ جرائم پیشہ ہیں● تو نکال لے جاؤ میرے سب بندوں کو راتوں رات، کہ ضرور تم لوگ پیچھا کئے جاؤ گے●

وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ۭ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ

اور چھوڑ رکھو دریا کو کھلی کھلی راہ، کہ بیشک وہ لوگ لشکر والے ڈبو دیئے جائینگے● کتنے چھوڑے انہوں نے باغ

وَّعُيُوْنٍ ﴿۲۵﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۲۶﴾ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ﴿۲۷﴾

اور چشمے● اور کھیتیاں اور شاندار گھر● اور نعمت جس میں رہتے تھے خوش خوش●

كَذٰلِكَ ۣ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿۲۸﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاۗءُ وَ

ایسا ہی ہوا۔ اور وارث بنایا ہم نے اسکا دوسرے لوگوں کو● تو نہ رویا ان پر آسمان و

الْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ مِنَ

زمین، اور نہ مہلت دی گئی انہیں● اور بیشک بچالیا ہم نے بنی اسرائیل کو

الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۳۰﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾

ذلیل عذاب سے● فرعون کی طرف سے، بیشک وہ تھا ڈینگ مارنیوالا، حد سے بڑھ جانیوالوں سے●

وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰي عِلْمٍ عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ

اور بیشک چنا ہم نے انہیں جان کر سارے اہل زمانہ پر● اور دیں ہم نے انہیں نشانیاں

مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿۳۳﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا

جس میں کھلا ہوا انعامی امتحان ہے● بیشک یہ لوگ کہتے ہیں● کہ نہیں ہے مگر یہی پہلی موت

الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَاْتُوْا بِاٰبَاۗىِٕنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۶﴾

ہماری، اور نہیں ہیں ہم اٹھائے جانیوالے● تو لے آؤ ہمارے باپ دادوں کو اگر سچے ہو●

اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ اَهْلَكْنٰهُمْ ۡ اِنَّهُمْ كَانُوْا

کیا یہ لوگ بہتر ہیں، کہ تبع، شاہ یمن کی قوم، اور جو ان سے پہلے ہوئے، ہم نے برباد کر دیا انہیں، کہ وہ لوگ

مُجْرِمِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾

مجرم تھے● اور نہیں پیدا فرمایا ہم نے آسمانوں اور زمین، اور جو انکے درمیان ہے، کھیلتے ہوئے●

مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّ يَوْمَ

نہیں پیدا فرمایا ہم نے انہیں، مگر بالکل ٹھیک، لیکن ان کے بہتیرے نہیں جانتے● بیشک فیصلہ کا

الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۰﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى

دن، ان سب کا مقرر شدہ وقت ہے● جس دن نہ کام آئے گا دوست کسی دوست کے

شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ

کچھ، اور نہ وہ مدد کئے جائینگے● مگر جس پر رحم فرمایا اللہ نے۔ بیشک وہی عزت والا

الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾ اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ ع ۲ ۱۳ ۱۵

رحم والا ہے● بیشک تھوہڑ کا درخت● گنہگار کی غذا ہے● جیسے پگھلا تانبا۔ جوش مارے گا

فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾

پیٹوں میں● جیسے کھولتے پانی کا جوش ● پکڑو اس کو، پھر گھسیٹو اس کو، ٹھیک جہنم کی طرف●

ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ

پھر ڈالو اس کے سر پر کھولتے پانی کا عذاب● چکھ۔ کیا کہنا ہے، تو ہی

الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ

عزت والا بزرگ ہے● بیشک یہ ہے، جس میں تم شک کرتے تھے● بلاشبہ ڈرنے والے

فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿۵۱﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۚ ﴿۵۲﴾ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ

امن وامان کی جگہ میں ہیں● باغوں اور چشموں میں● پہنیں گے ریشمی کپڑے نرم

وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۵۳﴾ كَذٰلِكَ ۫ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۵۴﴾ يَدْعُوْنَ

اور دبیز، آمنے سامنے بیٹھے● ایسا ہی ہے۔۔ اور بیاہ دیا ہم نے انہیں بڑی بڑی آنکھوں والی گوریوں سے● طلب کرینگے

فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ

اس میں ہر قسم کا میوہ امن وامان سے● نہ چکھیں گے اس میں موت، سوا پہلی موت

الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰىهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۵۶﴾ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ

کے۔ اور بچا لیا انہیں جہنم کے عذاب سے● فضل ہے تمہارے رب کی طرف سے۔ یہی ہے

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

بڑی کامیابی● تو بس ہم نے آسان کر دیا اس قرآن کو تمہاری زبان میں، کہ وہ نصیحت پکڑیں●

فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع ۳ ۱۷ ۱۶

تو انتظار کرتے رہو، وہ بھی انتظار کرنیوالے ہیں●

سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ ۴۵ مَكِّيَّةٌ ۶۵ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۳۷ رُكُوْعُهَا ۴

سورۂ جاثیہ مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۳۷ رکوع ۴

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ

ح م● اتارنا کتاب کا ہے عزت والے حکمت والے اللہ کی طرف سے● بیشک آسمانوں

وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾ وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ

اور زمین میں یقیناً نشانیاں ہیں ماننے والوں کیلئے● اور تمہاری پیدائش میں، اور جو کچھ پھیلا رکھا ہے جانور،

اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

نشانیاں ہیں انکے لئے جو یقین کریں● اور رات اور دن کے الٹ پھیر میں، اور جو کچھ اتارا اللہ نے

مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ

آسمان کی طرف سے روزی کا سامان، پھر زندہ فرمادیا اس سے زمین کو اسکے مرچکنے کے بعد، اور ہواؤں کے

الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۵﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ

چل پھر میں، نشانیاں انکے لئے جو عقل رکھیں● یہ ہیں اللہ کی آیتیں، کہ تلاوت فرماتے ہیں جنہیں تم پر

بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۶﴾ وَيْلٌ لِّكُلِّ

بالکل حق۔ تو کس بات کو اللہ اور اس کی آیتوں کے بعد مانیں گے؟● ہلاکی ہے ہر

اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿۷﴾ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا

بہتان والے گنہ گار کی● کہ سنتا ہے اللہ کی آیتیں جو پڑھی جاتی ہیں اس پر، پھر بھی اڑا رہتا ہے بڑا بنتا ہوا،

كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۸﴾ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا

گویا سنا ہی نہیں اسے، تو پیشین گوئی سنا دو اسے دکھ والے عذاب کی● اور جب آگاہ ہوا ہماری آیتوں سے

شَيْـًٔا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۹﴾ مِنْ وَّرَآئِهِمْ

کچھ پر، تو بنالیا اسے ٹھٹھا۔ انہیں کیلئے ہے ذلیل کرنے والا عذاب● انکے پیچھے جہنم

جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ

ہے۔ اور کام نہ آئے گا انکے جو انہوں نے کمایا ہے کچھ بھی، اور نہ جس کو بنا رکھا ہے اللہ کے خلاف

اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰﴾ هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

مددگار۔ اور انہیں کیلئے بڑا عذاب ہے● یہ ہدایت ہے۔ اور جنہوں نے انکار کر دیا اپنے

بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ

رب کی آیتوں کا، انہیں کیلئے سختی سے دردناک عذاب ہے● اللہ ہے جس نے قابو میں کر دیا تمہارے

لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾

دریا کو، تاکہ چلیں پھریں کشتیاں اس میں اسکے حکم سے، اور تاکہ تلاش کرتے رہو اس کا فضل، اور کہ شکر ادا کرتے رہو●

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

اور قابو میں کر دیا تمہارے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اپنی طرف سے۔ بیشک اس میں یقیناً

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ قُلْ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا

نشانیاں ہیں انکے لئے جو سوچیں● سمجھا دو انہیں جو ایمان لا چکے، کہ ابھی درگزر کرتے رہیں انہیں، جو امید

يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًۢا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ عَمِلَ

نہیں رکھتے اللہ کے دنوں کی، تاکہ بدلہ دے قوم کو جو کماتے تھے● جس نے کیا نیک

صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَاۗءَ فَعَلَيْهَا ۣ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَ

کام، تو اپنے بھلے کو۔ اور جس نے کیا برا کام، تو اپنے برے کو۔ پھر تم لوگ اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے● اور

لَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ

بیشک دی ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب وحکمت ونبوت، اور روزی دی انھیں

الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ ۚ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ

پاکیزہ، اور بزرگی دی ہم نے تمام اہل زمانہ پر● اور دی ہم نے انہیں صاف صاف باتیں امر دین کی۔

فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَهُمُ الْعِلْمُ ۭ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ

تو نہیں پھوٹے، مگر بعد اسکے کہ آچکا انکے پاس علم، باہمی بڑھ چڑھ کی ہوس سے۔ بیشک تمہارا رب

يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ

فیصلہ فرمائے گا انکے درمیان قیامت کے دن، جس جس چیز میں فرقہ بندی کرتے تھے● پھر کر دیا ہم نے

عَلٰي شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾

تمہیں ایک کھلی راہ پر امر دین کے، تو چلتے رہو اسی راہ، اور مت چلو انکی خواہشوں پر جو علم ہی نہیں رکھتے●

اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ

بیشک وہ نہ بچا سکیں گے تمہیں اللہ سے کچھ بھی۔ اور بیشک اندھیر والے ایک دوسرے کے دوست ہیں،

بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾ هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ

اور اللہ اپنے ڈرنے والوں کا دوست ہے● یہ قرآن آنکھیں کھول دینے والی باتیں ہیں لوگوں کی، اور ہدایت

لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ

ورحمت ہے انکے لئے جو یقین پائیں● کیا گمان کرلیا ہے جنہوں نے کی ہیں برائیاں، کہ کردیں گے ہم

كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۭ سَآءَ

انہیں جیسے، وہ ہیں جو ایمان لائے اور لیاقت کے کام کئے، برابر برابر ان کی زندگی اور ان کی موت۔ کیسا

مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى ع ۲ ۱۸

برا فیصلہ کرتے ہیں● اور پیدا فرمایا اللہ نے آسمانوں اور زمین کو بالکل حق، اور تا کہ بدلہ دیا

كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ

جائے ہر ایک، جو اس نے کمار کھا ہے اور وہ ظلم نہ کئے جائیں● ذرا دیکھو تو! جس نے بنا لیا

اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ

اپنا معبود اپنی خواہش کو، اور گمراہ رکھا اس کو اللہ نے علم کے ہوتے، اور مہر لگادی اسکے کان، اور اسکے دل پر، اور

عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ۭ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾

ڈال دیا اس کی آنکھ پر پردہ۔ تو کون راہ دے اسے اللہ کے بعد، تو کیا تم لوگ سوچ سے کام نہیں لیتے؟●

وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ

اور وہ لوگ بولے، کہ "نہیں ہے مگر ہماری یہی زندگی دنیاوی، کہ مرتے جیتے رہتے ہیں، اور نہیں ختم کرتا ہمیں مگر زمانہ"۔

وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا

اور انہیں اس کا کچھ علم نہیں۔ بس وہ گمان دوڑاتے پھرتے ہیں● اور جب تلاوت کی جاتی ہیں ان پر ہماری

بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾

روشن آیتیں، تو نہیں رہتی کٹ حجتی انکی، مگر یہ کہ بول پڑے کہ لاؤ ہمارے باپ دادوں کو اگر سچے ہو●

قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ

کہہ دو، کہ "اللہ زندگی دے تمہیں، پھر موت دے تمہیں، پھر اکٹھا کریگا تمہیں قیامت کے دن، جس میں کوئی شک نہیں،

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَيَوْمَ ع ۳ ۱۹

لیکن بہتیرے لوگ علم ہی نہیں رکھتے● اور اللہ کی ہے شاہی آسمانوں اور زمین کی۔ اور جس دن

تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ اُمَّةٍ

قیامت کھڑی ہوگی، خسارے میں رہیں گے باطل والے● اور دیکھو گے ہر امت کو زانو کے بل گری پڑی۔۔ ہر امت

تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ

بلائی جائے گی اپنے نامۂ اعمال کی طرف، کہ آج کے دن بدلہ دیئے جاؤ گے جو کچھ کرتے تھے● یہ ہے ہمارا دفتر جو بول رہا

عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

ہے تم پر بالکل ٹھیک۔ بلاشبہ ہم درج کرتے تھے جو کچھ تم کیا کرتے تھے● تو جس نے ایمان قبول کرلیا تھا اور

الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۰﴾ وَاَمَّا

کرنے کے کام کئے تھے، تو انہیں داخل فرمائیگا ان کا رب اپنی رحمت میں، یہی ہے روشن کامیابی● اور جنہوں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۣ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا

نے انکار کیا تھا۔۔ تو سنیں گے، کہ "کیا نہیں پڑھی جاتی تھیں میری آیتیں تم پر؟ تو غرور کرتے تھے تم" اور تم جرائم

مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا

پیشہ تھے● اور جب کہا گیا، کہ "اللہ کا وعدہ حق ہے، اور قیامت میں کوئی شک نہیں"، تو تم کہتے تھے، کہ "ہمارے

نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَبَدَا لَهُمْ

قیاس میں نہیں آتا، کہ کیا ہے قیامت۔ ہمارا خیال ہے، کہ بس وہ خیال ہی خیال ہے، اور ہم یقین کرنیوالے نہیں"● اور ظاہر ہوگئیں انہیں

سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ

برائیاں اسکی جو کرتوت کئے تھے، اور گھیر لیا انہیں اس عذاب نے جسکا ٹھٹھا کرتے تھے● اور حکم دیا گیا کہ آج ہم تمہیں بھولا جیسا

كَمَا نَسِيْتُمْ لِقَاۗءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ ذٰلِكُمْ

قرار دینگے، جس طرح تم بھولے تھے اپنے اس دن کے ملنے کو، اور تمہارا ٹھکانہ آگ ہے، اور نہیں ہے تمہارا کوئی مددگار● یہ اسلئے

بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ

کہ بلاشبہ بنا رکھا تھا تم نے اللہ کی آیتوں کو مذاق، اور دھوکہ دیا تھا تمہیں دنیاوی زندگی نے، تو آج کے دن نہ نکالے جائیں گے

مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ

وہ اس سے، اور نہ وہ رضامند کئے جائینگے● تو اللہ ہی کیلئے حمد ہے، پالنے والا آسمانوں کا اور پالنے والا زمین کا، پالنے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَلَهُ الْكِبْرِيَاۗءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۷﴾ ع ۴ ۱۱ ۲۰

والا سارے جہان کا● اور اسی کیلئے ہے بڑائی آسمانوں اور زمین میں۔ اور وہی عزت والا حکمت والا ہے●